سوال

ایک عورت جسے طلاق بائن ہوچکی تھی کا خاوند دوران عدت گاڑی کے ایکسیڈنٹ میں فوت ہوگیا، اب وہ کونسی عدت بسر کریگی آیا بیوہ کی یا کہ طلاق کی ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ جناب محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

یہ عورت طلاق کی عدت پوری کریگی

سوال :

کیا اس عورت کے لیے خاوند فوت ہونے کی عدت بھی ہوگی ؟

جواب :

نہیں، اس عورت پر متوفی عنہا زوجھا کی عدت نہیں ہوگی؛ کیونکہ طلاق بائن کی بنا پر اس عورت اس شخص کے سے تعلق منقطع ہوچکا ہے " انتھی

واللہ اعلم .

الشیخ محمد بن صالح العثیمین

8867